SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XIII مجریہ ۱۹۷۴
SINDH ORDINANCE NO.XIII OF 1974
سندھ بچوں کے حوالے سے (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴
THE SINDH CHILDREN (AMENDMENT) ORDINANCE, 1974
فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۵۵ کے سندھ ایکٹ XII کی دفعہ ۱ کی ترمیم
Amendment of Section 1 of Sindh Act XII of 1955

سندھ آرڈیننس نمبر XIII مجریہ ۱۹۷۴
SINDH ORDINANCE NO.XIII OF 1974
سندھ بچوں کے حوالے سے (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

THE SINDH CHILDREN (AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

تمہید (Preamble)

[۳۰ اگست ۱۹۷۴]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ بچوں کے حوالے سے ایکٹ، ۱۹۵۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ بچوں کے حوالے سے ایکٹ، ۱۹۵۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ بچوں کے حوالے سے (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۵۵ کے سندھ ایکٹ XII کی دفعہ ۱ کی ترمیم
Amendment of Section 1 of Sindh Act XII of 1955

۲۔ سندھ بچوں کے حوالے سے ایکٹ، ۱۹۵۵ کی دفعہ ۱ کی ذیلی دفعہ (۲) میں، لفظ "سندھ" کے بعد الفاظ "بشمول خیرپور ضلع" شامل کیئے جائیں گے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔